ہو گئی پہر تمہاری دل یکلخت | پیچھی اس کی ہوی جیسی پتھر سخت | تمنی عامیل کا جو دیکھا حال | نہ کیا کچھ قیاس اور خیال
| پس ہین وی دل تمہاری جو تہی | ہاں ہین پتھر سی سخت زائد تر |

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ

اور ہین پتھرون کی تودی حجر | جن سی نہرین نکلتی ہین پہٹ کر | اور ہین پتھر ایسی وی پتھر | منہ سے پانی نکلتا ہی پہٹ کر
اور اونہین سے تو وی بہی ہین بلا یقین | گرتی ہین حق کی ڈر سی [illegible] | اور نہ غافل ہی اوس عمل سی خدا | تم جو کرتی ہو لیے بیہودہ
اور نہ غافل ہی الله وہ علام | اوس سی جو کرتی ہین یہ سب کام

اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ

وَقَدْ كَانَ فَرِيقٌ مِنْهُمْ يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝

کیا تم اب کہتے ہو سید ابرار — یعنی ہو مومنان نیک اسرار
یہ کہ مابین تمہاری بات یہود — اور تھی اونسے ایک گروہ عنود
پھر بدل ڈالتی تھی اوسکو تمام — اوسے سمجھے پر بوجھتی تھی کلام
یعنی اسلاف اونکے طور پہ جا — سنتے ہیں واسطہ کلام خدا
اور وہی جانتے تھے سب انداز — کہ ہم اسمیں ہیں افترا پرداز
اور ملتے ہیں مومنوں سے جب — کہتے ہیں لائے ہیں یقین ہم اب

وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا أَتُحَدِّثُونَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ

اور جب ملتے ہیں تمہا ہو — یکدگر پاس یعنی یکجا ہو
جسکا کھولا ہے تم پہ حق نے در — وہی تمہاری کتاب میں ہے خبر
کہتے ہیں یکدگر سے اونکے یار — تم بھلا کیوں کرو ہو گفتار
کیوں محمد کو کرتے ہو آگاہ — اونکے یار ونسے کہتے ہو ناگاہ

لِيُحَاجُّوكُمْ بِهِ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝

تا کریں اوسکو جاکر جھگڑا — تمکو آگے خدا کے دین جھٹلا
کیا نہیں اسقدر سمجھتے تم — کرتے ہو راز فاش ایمردم
بعض تفسیر میں ہے یون منقول — کہ کہیں ایکدن جناب رسول
اگلی فرمائی اسطرح ارشاد — دیکھکر اون یہود کا وہ فساد
کہ مدینہ میں اب وہی آئیں نہیں — پھر فساد ایسا مچائیں نہیں
جو کوئی اونسے تھا منافق قوم — وہ مدینہ میں آیا اول یوم
اگلی کہتا کہ میں مسلمان ہون — دین حضرت پہ لایا ایمان ہون
اپنی یارونسے ملتے آخر جا — کرتے اونسے نفاق کا چرچا
جسطرح سے یہ حق نے فرمایا — صدر آیت میں جیسے آیا
ایک قول اور ہی یون ہے منقول — کہ مدینہ میں جبکہ آئے رسول
نعت سے ملتی آئی بعض یہود — جس صفت سے کہ تھی نبی محمود
نعت توریت میں جو تھی مسطور — اگلی صحابہ کی آگے وہ مذکور
یہ جو بھی خبر رئیسوں کو — سنکے کینہ ہوا خسیسوں کو
مخبروں کو بلا ملامت کر — سب ہی سے نعت پیغمبر

أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ۝

کیا نہیں جانتے ہیں مردکین — کہ خدا جانتا ہے اوسکی تہین
جو چھپاتے ہیں دشمنی و عناد — اور عیاں کرتے ہیں وہی حب وداد
اور بعض اونسے ہیں نرے قوم جہود — کہ پڑھے اور لکھے نہیں مردود
جانتے ہیں نہیں کتاب مگر — اپنے ہیں باندھی آرزوون پر
ورنہ اون پاس ہے نہ مگر تہ تن — کرتی اپنی خیالمیں او ظن
اے نہ توریت رکھتے ہیں نہ خبر — وہی تو چلتے ہیں صرف اٹکل پر

اور وہی لوگ جو یقین لائی | اور اعمال نیک فرمائی | مِن ہی لوگ اہل جنت النعیم | وہی اوسمین ہمیشہ ہونگی مقیم

ع

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا

اور کیا جبکہ ہمنی عہد و قرار
نکر و بندگی بکر حق کو
اور کہو نیک بات مردم کو
وہ جو مصباح مین کیا ہی بیان
کہ دل و جان با جانب او جو
پس سے شیاپان ہر ایک انسان کو
طلب جاوہ کانہ اوسمین ہر کام
اور جو ہوسن و سال مین کم
اور نہ علم الیقین سی آگاہ باز

وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ

اور ماں باپ سی سلوک کرو | اور مساکن و قرمون سی

وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا

اوسکی حامل کو لکہہ سلام یہاں
آدمی حسن سعات سی پیش
صرف تہذیب خلق دلسی ہو
نہ ہو سعہ کا اور ریا کا کام
چاہی شفقت اوسیہ شبل پسر
سدلی اوسکی جو ہو وہ نیک انداز
اور جہوری ہمن نصیحت کو

ہی روایت امام جعفر سے
فضل یزدان ہو اوسکی شامل حال
خلق سے خلق ساتہہ خواہ مخواہ
عمر مین جو کلان تر آپ سے ہو
اور جو کوئی ہو مساوی حال
امر معروف کو وہ فیض کری
دل سے معروف وعظ وہ ...

بیٹیوں یعقوب کا بابن کفار
اتیمون سے اور غریبوں سے
کہ وہی اچھی سخن کہین نکو
گلبن گلشن پیمبر سے
اور سکی ہدی جزا بوجہ کمال
بیش آدمی خالصاً للّٰہ
نہ وہ کمتر ادب مین بات ہو
رکھی بہائی کیطرح اوسکا خیال
نہ نکر کو وہ تشفیق کری

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ

اور قائم رکھو صلوٰۃ کو تم
اور دیتی رہو زکوٰۃ کو تم
اور ہو اعراض کرنیوالی تم
پس گئی پہر تم عہد و پیمان سے
سخن حق سے پہرنیوالی تم
برنہ تم مین قلیل انسان سے

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ۝

اور لیا ہمنی جب تمہارا عہد
جو کیا تہی آشکار اعہد
اپنی ہر وطن سی اور ہو قرار تم
کہ نہ ڈالو تم اپنی خون لہو
اور تم جانتی ہو اپنی مردم
اور نکالو نہ سب اپنی لوگونکو

ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ

پہر ہو تم وہی گروہ عہد شکن | تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ | صرف خونریزی اوجلا وطن

پہیر جاوینگے زور سخت تر عذاب کی طرف
اور نہ اوس سے بیخبر ہے ان کرتی ہو تم جو ایسے یہود یہاں
یعلمون بیائی تحتا نے اسکا ہی روایت ثبت نے

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ؀

یہ وہی ہیں جنہوں نے مول لیا دار دنیا کی زندگانی کو دیکر اوس ماٰب جاودانی کو سو کیا جائیگا نہیں ہلکا ایسی ناداں ہیں جو خرید کیا
اور نہ یاری کبہی دی جاوینگے دو جہانمیں وہی رنج پاوینگی اونسی رنج و عذاب نیا کا

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ

اور تحقیق دی تہی موسیٰ کو ہمنی تورات نشر احسان ہو اور ہم لائی پی بہ پی یکسر پیچھی اوسکی رسل اور پیغمبر
مثل داؤد اور زکریا مثل الیاس اور شعیب و یحییٰ

وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ

اور ہمنی عطا کئیے مسیح بیٹی مریم کو معجزات صریح اور قوت دی ہمنی اوسکی تئیں ساتہہ پاکیزہ روح کی یقین
پاکہ روح الامین کو ساتہہ کیا اسم اعظم کا پاکہ علم دیا پاکہ انجیل ہی مراد یہاں جس سے تہے تازگی دل و جان

اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ؗ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ؀

کیا بہلا جب کبہی تمہارے تئیں لاوی وہ چیز جبرئیل امین کہ تمہاری نہ چاہتی تہی جی یعنی وہ چیز تمکو جب پہنچی
پکڑا تمنی غرور و استکبار نہیں تمنی کیا قبول و کار پہر گروہ ایک تمنی جہٹلایا بہ نبوت جو ہمنی بہیجا ایا
یعنی عیسیٰ کو تمنی جانا جہوٹا اور محمد کو تمنی مانا جہوٹا اور کیا تمنی قتل ایک فریق مثل یحییٰ کی تہی جو نیک الرتق

وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ؀

اور کہنی لگی یہود ہلاف کہ ہماری قلوب پر ہی غلاف بلکہ لعنت خدائی کی اونکی کفر اونکی سی یعنی غصی ہو
زبان سو وہ تہوڑا سا لاتی ہیں اوسکی تفصیل تو دریں مقام اس جو کوئی کہلائی ہی یاں ایک سفیدی ہو اوسکی پہیلیاں
ہر ہستی ہی وہ سفیدی دل تب تک ایمان ہو اوسکا مکمل جبکہ ایمان ہو کمال پذیر ہو منور تمام قلب و ضمیر

ہی سطر زینی نفاق کا حال
آگی اسکے خطاب فرمایا

کہ سیاہی ہی جای نور خیال
انتہائی حدیث مین آیا
اور منافق کا جیرتی جو دل

ابتدا مین سیاہ نقطہ ہو
جیرتی مومنونکے دلکو اگر
پاتی اسود بوجہ مستکمل

کردی آخر سیاہ سب دلکو
پاتی ابیض تم اوسکو تا سر

وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ

اور جب اونکی پاس آئی کتاب
یعنی قرآن اونکو جب پہنچا

نزد یزدان سے پسیتودہ مآب
کہ وہ توریت کا مصدق تھا

راست اور سچ بتا اوسکی تئین
بس ایمان لائی نہ وہ مخذول

جسکو ساتھ اپنی رکھتی ہین یہ
نہ وہ قرآن کیا اونہون نے قبول

وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۵

اور حالانکہ پہلی اس سے وہ سب

فتح کرتی تھی کافرونپہ طلب
منکر اوس سے ہوی وے بد کردار

پھر جو اون کافرونکی آیا پاس
سو لعنت خدا کی بر کفار

جسکو پہچانتے تھے وی حق شناس

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ط وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۵

ہی برا جسکے بدلی مول لیا
کہ ہوئی منکر اوس سے وی یکسر
فضل اپنی سی جسپہ چاہی حق
یعنی انکار عیسی اور انجیل

جو اوتارا خدا نی اوس نے پر
بندون اپنی جو کہ ہو الیق
نسبہ انکار احمد و تنزیل

کہ اوتارا خدا ہی بر حق نے
بس پھر آئی یہود گمرہ سب
اور ہی کافرونکو سخت عذاب

اپنی جانونکو ای نبی ورا
قادر و کارساز مطلق نے
غصہ بر غصہ اور غضب بغضب
کرنیوالا جو خوار ہی اور خراب

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَا اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ط

اور جب کہیے مانو ای مردم
او منکر ہین اوس سے وی بیدین

حق کی نازل کیی کلام کو تم
وہ جو اوسکی سوا ہی حق ہے
سچ سی بتلانیوالا اوسکی بات

کہتی ہین مانتی ہین ہم بیشک
اور وہ ما وراء اسی عیان
وہ جو ہمراہ اونکی ہی تورات

جو اوتارا گیا ہی وہ ہم پر
یعنی انجیل اور وہ قرآن

قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُونَ أَنْبِيَاءَ اللَّهِ مِنْ قَبْلُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝

کہہ محمد جواب اونکو یون
پہر بہلا مار ڈالتی تہی کیون
جو تم ایمان لانی والی تہی
حضرت اللہ کی انبیا کی تئین
کسلیے اونکو مار ڈالا تہی
اگی آگی تہی جو ابتس ازین

وَلَقَدْ جَاءَكُمْ مُوسَىٰ بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهِ وَأَنْتُمْ ظَالِمُونَ ۝

اور تم پاس آچکا موسی
معجزی لی کہلی ہوی اورا
اور تم ظلم کرنیوالے ہو
پہر بنا بیٹہے گاو سالہ تم
راہ حق سی گمرہنیوالے ہو
پیچھے جانے سی اوسکی اے مردم

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ

اور کریاد جب ہمنے لیا
عہد و پیمان کر تمسی کیا
اور ہمنی اوٹہایا تمپر طور
کہ وہ تہا ملک شام مین مشہور
اور کہا یون کہ تم اوسی کو
خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاسْمَعُوا
زور سی ہمنی جو دیا تمکو
اور سنو تم اوسی دل اور جان
ای کرو تم قبول وہ فرمان

قَالُوا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَأُشْرِبُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ

بولی ہمنی سنا وہ کانوسی
اور نہ مانا دلون او جانوسی
کفر اونکی وہ در آیا تہا
اور رہی دلونمین اونکی بس
ماری انکار کی سمایا تہا
الفت گاو سالہ اور موس

قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهِ إِيمَانُكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝

کہہ برا ہی جو تمکو سکہلاوے
اگلی آیت کا ہی شان نزول
جسکو ایمان تمہارا بتلاوے
جب لگی کہنی وے جہوٹ و جہول
لانی والی جو دلسی ہو ایمان
کہ نہ جنت مین کوئی ہم سر ہے
چہوڑ دو انکار احمد او قرآن
تب یہ اوتری نبی پہ وحی خدا

قُلْ إِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ عِنْدَ اللَّهِ خَالِصَةً مِنْ دُونِ النَّاسِ

کہہ کہ ہی واسطی تمہاری اگر
غیر لوگو نسی خالصا تمکو
پاس اللہ کی آخرت کا گہر
فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝
تن تنہا اگر ستا ہو
ہو اگر تم بہشت کے مشتاق
پس کرو موت کی تمنا تم
اوسکا ملنا ہی غیر بہشت کے
جو ہو سچ کہنی والی اے مردم

وَلَنْ يَتَمَنَّوْهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝

اور نہ وہی آرزو تھی ترک زر
مارڈالا جو انبیا کی تھین
اور البتہ پاوی تو وہی یہود
چاہتی ہین کہ ہم کبھو مرین
بدلا نعت مصطفےٰ کی تبر
اسکی باعث کرگئی بہیج دیا
اور خدا جانتا ہی خوب اونکو
تا تھون اونکی نی کام تھا جو کیا
جنکا ظلم و گناہ پیشہ ہو
جملہ مردم کی حرص مین افزود

وَلَتَجِدَنَّهُمْ أَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ

زندگانی دار دنیا پہ
حرص مین سب سی ہین ان کی لذت

وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ

اور انسی بھی جنکا شرک ہی کام
چاہتی ہین عرب کی سب کفار
کہ یہ دنیا کی زندگی اونکو
چاہتا ایک ایک ہی یہ مدام
کہ رہین زندہ تا ہسال ہزار
سب سے محبوب اور پیاری ہے
کہ وہی ملتی ہین باگانہ و خوش
کاش پائی ہزار سالہ حیات
لیک ہی یہ صحیح تر ایجان
اونکو جو عمر یون نہین پیاری
کر دعائی ہزار سالہ کو پنیر
ہر گرئی یہ ہوس کہی ذرات
مشرکان مجوس ہین یہان
کیون تحیہ ہی اونکا یہ جاری

وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ط

اور نہ ہی وہ چھٹانیوالا اوسے
رنج سی کچہ بچانیوالا اوسے
اوسکا پا جانا عمر طول و درلز
نر کہی کچہ عذاب و نار سی

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ع

اور بینا ہی حضرت معبود
ہی تفاسیر معتبر مین لکھا
تم نہ لاتی ہو کسلیے ایمان
ہمکو ہی اونسی اسلیے انکار
ہمکو اونسی ہے دشمنی اور خلاف
کہ عمر نے یہود سی پوچھا
ہی خلاف اوسکا تمکو کتاب یان
کہ محمد کی جبرئیل ہین یار
ہین ہماری وہ دشمن اسلاف
پس قول اونکا دفع فرمایا
وہ جو توریت اوتری موسیٰ پر
تب لگی کہنی اسطرح سے یہود
وحی پیغام لاتی تہین جبریل
گر کفیل اونکی ہوتی میکائیل
اگلی آیت کو حق نے بھجوایا
کرتی ہین کام جو مجوس و یہود
ہی محمد کی اوسمین نعت اگر
نعت احمد کی اوسمین ہے موجود
ہین محمد کی دوست او کفیل
لاتی ایمان ہم بوجہ جمیل

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ

کہہ جو کوئی ہو دشمن جبریل
کہتی ہین یہ وہ نام عبرانی
پاکہ ہی یک علم و شہر پاسنی
سنئے اوسکی سی ہو تو آگاہ
جاہی فرشتہ سی اور یہود ذلیل
عربی مین ہے جیسے عبداللہ

فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

پس اوتارا ہی بیشک اوسنی تمام
تیری دل پر بحکم حق یہ کلام
سچ بتاتا ہی سکو وہ قرآن
اگلی اوسکی ہی جو جو پیشتر عیان

ع

کرتا توریت کی ہی وہ تصدیق اور بتاتا ہے سب تحقیق

وَهُدًى وَّبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ مَن كَانَ عَدُوًّا لِّلَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَجِبْرِيلَ وَمِيكَالَ فَإِنَّ اللَّهَ عَدُوٌّ لِّلْكَافِرِينَ ۝

اور وہ راہ کا دکھاتا ہے مومنوں کو خوشی سناتا ہے جو کوئی ہووے دشمن یزدان اور ملک اوسکی اور رسل کا عیان

اور ہووے دشمن جبریل اور ہووے عدو میکائیل پس خدا بیگمان سے دشمن کافروں کا بصد عذاب و محن

ہین فرشتے بحکم حق مامور غیر امر اونکو کچھ نہیں منظور ہین وہ دونو مقربان جلیل یعنے جبریل اور میکائیل

ہی ہر ایک خاص و عام کو معلوم ہیں مقرب زیادہ تر محکوم پس جو کوئی ہو دشمن جبریل کیون نہ دشمن ہوا وسکا رب جلیل

وَلَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ۖ وَمَا يَكْفُرُ بِهَا إِلَّا الْفَاسِقُونَ ۝

اور اوتاری ہین بیگمان ہم نے تجکو روشن نشانیان ہم نے اور منکر نہیں ہین اونسی مگر حد فرمان سے جو گئے ہین گذر

أَوَكُلَّمَا عَاهَدُوا عَهْدًا نَّبَذَهُ فَرِيقٌ مِّنْهُم ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

اور گروہ یہود کیا جس بار باندھتی تھی وہ جملہ عہد و قرار پھینک دی اونسے ایک فریق اوسکو توڑ ڈالی جو عہد اوسکا ہو

بلکہ ہین اونسے بیشتر بیدین لاتی توریت پہ نہیں ہین یقین

وَلَمَّا جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيقٌ مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ كِتَابَ اللَّهِ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ كَأَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝

اور بہیجا جب اونکو پیغمبر پاس حق کے بہی الستیو وہ سیر سچ بتاتا ہوا جو تہا اون پاس یعنے توریت کو وہ خسر الناس

پھینک دی اونسے ایک گروہ عنود دلی توریت جو گئی ہین یہود وہ کتاب خدا جو ہی قرآن اپنی پیٹھو نکی پیچھی وہ نادان

گویا وی نہین رکھین ہین خبر کہ وہ قرآن ہی او وہ پیغمبر

وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُو الشَّيَاطِينُ عَلَىٰ مُلْكِ سُلَيْمَانَ ۖ

اور پیچھے چلین ہین اوسکی یہود جسکو پڑہتی تہی جملہ دیو عنود وی جو تہی شعبدات شیطانکے عہد اور ملک مین سلیمانکے

تہا جو شیطانکا اونمین فریق سحر او شعبدہ تہا اونکا طریق سب ارازل کو وی سکہاتی تہے بیدگر کی تئین لکھاتی تہے

جبکہ وی شعبدی ہوی مشہور پایا آفاقمین رواج وفتور تب سلیمان نی غضب مین ہو لی لیا سب اون نوشتونکو

ایک صندوق مین مقفل کر   گاڑی نیچے وہ تخت کی کسیر   جب سلیمان نے ہوئی رحلت بقا   لیکے دیو اوسکو فرصت پا
تخت نیچے گیا صندوق   تحت حکم اپنی پہر کیا صندوق   پہر کیا مکر کر یون اظہار   کہ سلیمان کا شعبدہ تھا کار
تھا انہین شعبدون سی ازبسکہ   ملک اور شاہی سلیمان نے   بعد ازان وے یہود بد اسلوب   کرتی اونکو تہی سحر سی منسوب
رہے ہو زعم باطل اونکا تمام   جبکہ ارشاد حق ہوا یہ کلام

وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلَٰكِنَّ الشَّيَاطِينَ كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ

اور سلیمان نے نہ کفر کیا   اسی نے اون شعبدونکو مان لیا   اور لیکن جماعت شیطان   تھے وہ کفر مین تھا سرگردان
دی سکھاتی تہی سحر لوگونکو   کام اونکا ہی سحر اور جادو

وَمَا أُنزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ

اور پہیر وہ جو اوسکے ہین مکسیر   سحر اوترا جو دو فرشتونپر   شہر بابل مین برسر ہاروت   اور اوترا تہا برسر ماروت
ہی تفاسیر معتبر مین لکھا   اسطرح حال اون فرشتونکا   کہ جو انسان کی بکثرہ فسق و فجور   یون لگی کرنی طعن سے بدکور
کہ ای خداوند کیون ہین یہ انسان   مبتلای فجور اور عصیان   کیون ہین مستغرق گناہ مدام   کیون وے کرتی ہین زنا اور کام
اونکو دوزخ کا کچہ نہین ہے ڈرا   نہ عذاب و عقاب سے ہی خبر   یہ پہنچا فرمان ہے ناگہان اونکو   تمسے اونکی برابری کب ہو
بستہ نفس اور ہوا ہی بشر   تم جو ایسی ہوا اونسی ہو بدتر   بولی دونو ملک کہ ای ایزد   ہمسے زنہار ہون نہ ایسی گناہ
الغرض اونکو نفس انسانی   پہلی فرمایا حق نی ارزانی   پہر کیا حکم تا زمین پر جائین   صرف دنکو ہین اور شب کو آئین
دو نواس وراستی زمین آئے   حسب فرمان اس جہان مین آئے   ایک فرمان دہ زمانہ ہوا   دوسرا قاضی یگانہ ہوا
کہین اک عورت اوسکا زہرہ نام   لی گئی اونسی صبر اور آرام   آئی کرتی ہوئی وہ دعوی کو   تا کہ اگلی وہ اونکی فیصل ہو
ناگہان وہ زن جمیل و حسین   ہوگئی اونکی مدعی دین   لی گئی ہوش اور قرار اونکا   تہا پہر کچہ اختیار اونکا
سب گئے بہول وہ کو دی تکبیر   مارڈالا اونہون نے ایک بشر   مبتلای زنا ہوئی ناکام   اور کیا سجدہ صنم اقدام
ہوگئی اس فجور سی ممنوع   آسمانکی صعود سی مجموع   قصہ کوتاہ جبرئیل آئے   حق سے فرمان اونکو یون لائے
سہو کس واسطے ہوا تمکو   طعن کرتی تہی تم جو مردم کو   کیون گئے بہول اپنا تم معہود   رہکی دنیا مین مدت معدود
باوجودیکہ فسق تمنے کیا   پر نہین حق نے اختیار دیا   دین و دنیا کی ہین جو وہی عذاب   ایک اونکو تہی قبول شتاب
قصہ کوتہ عذاب دنیا کو   کر لیا اختیار راضی ہو   پا بزنجیر اونکو فرمایا   چاہ بابل مین لیکی لٹکایا

ہی وہ چاہ اونکی واسطے زندان
جب فرشتوں نے خوف عقبی سے
کیا انکھوں حال زہرہ نا ہیند
یون حدیث علی میں ہے آیا
ہی حدیث اور زہرہ اور ابنے
سبب مسخ ہی جو ہوا سوال
ہوگئی خرس ایک فاحشہ زن
وہ جو شکل حریث مسخ ہوا
مثل و طواط ہوگیا یکبار
شکل دعموص ہوگیا تمام
وہ عشار سن بیک ناگاہ

کہ نگوں سیں ہیں وہی تہ آویزان
ڈر کی جاتا عذاب دنیا سے
مسخ اوسکا ان ہی کن شدید
کہ جواب آپنی یہ فرمایا
ضب و دعموص و عنکبوت عقرب
ایسی فرمایا آپ سے الہی
او انصاری کی شکل جو کتونکی
ایک دیوث بیجیا وہ تہا
جو چرا آتا تہا نحل ہر سی تمام
نکری جسکا تہا سحر سو کلام
ہو گیا ایک سہیل خواہ نخواہ

دو دو ہزار وہ ہزار عالم کا
پہر بہلا کسکو وہی طاقت تاب
ہی روایت کہ جب جناب رسول
ہیں زہرہ ہی وہی تیرہ سب
اونسی طواط بار ہوا ان پہچان
وہ جو مسخ ہی بصورت فیل
قود کا مسخ ہیں کیا مر قوم
گوہ کی شکل ہوگیا ناگاہ
ہو گیا مسخ مثل عقرب کے
شکل ارنب وہ زن کہ جسکے
مسخ زہرہ ہی یہ روشن تر

پہنچتا ہی اونہیں بحکم خدا
کہ تحمل کریں ہا انکا عذاب
حال مسوخ ستی ہی مسئول
فیل و خنزیر و قرد ہی رب
اور سہیل اونسی تیرہ ہوا ان تو جاب
سخت لوطی تہا ایک شخص ذلیل
آیت ماسبق کے معلوم
سارق حاج تہا جو وہ گمراہ
وہ جو کرتا زنا تہا سب کے
حیض کے بعد تہی نہ غسل کی خو
آگی اس سے سلیمہ طول نکر

وَمَا يُعَلِّمَانِ مِنْ أَحَدٍ حَتَّىٰ يَقُولَا إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۖ

اور وی دونوں نہیں سکھلاتے ہیں کے	ای کسیکو نہ سحر بتلانے	جب تلک کہتی ہیں نہیں وے وو	ہم ہیں حق کی آزمانیکو
	پس کفر اعتقاد تو مت کر	کہ نہیں جز یہ سحر کا ہی اثر	

فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ ۚ

بعد ازان سیکھتے خواص و عوام	اون فرشتوں سی عمل اور کام	ولی جس سے ہوت تن بکسر	مرد اور زن میں اوسکی تاثیر

وَمَا هُم بِضَارِّينَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ

اور وی مردم بکار سکتے تہیں	ساتہ اوس سحر کی کسیکے تئیں	غیر فرمان حضرت یزدان	یہ ضرر پہونچی اوس سے اور زیان

وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنفَعُهُمْ ۚ وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرَاهُ
مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۚ قف وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهِ أَنفُسَهُمْ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

اور وی سیکھتے ہیں اوسکی تئیں	جس سے اونکو زیان ہو سود نہیں	اور جانا یہودنی اسکو	کہ جو کوئی خرید سے بہادو

واسطے اوسکی آخرت مین نہین	کوئی حصہ اور بخش البتہ دین	اور البتہ بہی بُری وہ چیز	عبث بیچین ہین اپنی جان عزیز
	گر وہی ہوتی کہ جانتی بیقین	سحر وہی اختیار کرتی نہین	

وَلَوْ أَنَّهُمْ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَمَثُوبَةٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ خَيْرٌ لَّوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

اور جو بیشک یقین لاتی یہود	ای محمد کی دین آتی یہود	اور پرہیز سحر سی کرتے	حبلہ اعمال بد سی وہی بیتے
تو ارنہین یک ثواب الله سی	پاس اللہ کی سی ہی بہتر	جو وہی گمراہ جانتی ہوتے	دین حق کیون مانتی ہوتے
لیا دین کتاب چہوڑ کے	سحر پر جو ایسے مائل کیون	کہ کسی پر بی اصل سحر عیان	مخترع اسکی پہلی تہی شیطان
پہر جو بابل مین تہے ملائک دو	کرتی تعلیم وہی جسکو	پہلی کرتی خبر تہی اوسکی تئین	کہ یہ ہے ماحی شرایع دین
پہر بہی کرتا اگر کوئی اصرار	اوسکو سکہلاتی باہمہ انکار	حق کو اک امتحان تہا منظور	ورنہ پہر تا بہا ہی اوسمین قصور
پس اسیواسطی کیا ارشاد	کہتے تہے سو اوسمین بل اور پہر فساد	بعض تفسیر مین کیا ہی بیان	آئی دو فرشتی جبکہ یہان
اوس زمانہ مین تہے جو جادو گر	جانتی انکو تہی پیغمبر	تہی نبوت کے مدعی سب	اونکی دعوی کا تہا وہ سبب
تب یہ سحر اونکو حق نی سہولیا	قبل اوس معصیت سی جو آیا	تا کہ اونکی تئین کیا اعلام	کیف سی سحر کی دیا اعلام
اہل دانش کو تا کہ سکہلائین	کیف و کم اوسکا اونکو بتلائین	جب ملائک نے اوسکو سکہلایا	اہل دعوی پہ رد و قدح کیا

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقُولُوا رَاعِنَا وَقُولُوا انظُرْنَا وَاسْمَعُوا وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ

ع

مومنو لفظ راعنا کہو	کہو انظرنا اور سنتے رہو	اور وہی جو کرتی الی مین انکار	واسطی اونکی درد ناک ہی مار
ہی روایت کہ منکران یہود	بزم نبوی مین آکے جب موجود	جو نہ سنتی کوئی کلام رسول	راعنا کہکے پوچہتے مجہول
اہی رعایت ہماری فرماو	پہر ہمین تم یہ بات بتلاو	سیکہکر اوس لفظ کو کہتی	کہتی تہی لفظ راعنا کو یہ بہی
حقتعالی نے منع فرمایا	حکم انظرنا اونکو سہولیا	ای جو چاہو سو راعنا کہنا	یہی معنی رکہی ہی انظرنا
یعنے فرمائیے نظر ہمپر	کہو یون کہ تو رعایت کر	اور تم آگے ہی سی سنتے رہو	تا کہ حاجت نہ پوچہنی کی ہو
اونکو ہی لفظ راعنا مین دغا	کہتی ہین اسلیے زبانکو دبا	یعنی جو بولا تو ہمارا اسو	کہتی ہین راعنا ہی ہمکو

مَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَلَا الْمُشْرِكِينَ أَن يُنَزَّلَ

نہین کہتی ہین دوست وہی نفار	عَلَيْكُم مِّنْ خَيْرٍ مِّن رَّبِّكُمْ	اہی کتابی جو ہی مشرک ہی بکار

یہ کہ منزل ہو تم پہ بہتر شے | رب تمہارے سے جیسے قرآن ہے | یا نہ رکھتے ہیں دوست کہ | کہ ہو تم میں سے کوئی پیغمبر

چاہتے ہیں نہ وہ یہود ذلیل | ہو نبوت بآل اسماعیل | دوست رکھتے تھے مشرکان لئیم | ہو ہمیں رب دیا کہ نعیم

وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

اور خدا اختصاص کرتا ہے | اپنی رحمت کو خاص کرتا ہے | جسکو چاہے عطا کرے قرآن | اور بڑا ہی فضل والا ہے وہ ان

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا

وہ جو موقوف کرتے ہیں ہم عیاں | یعنی منسوخ آیت قرآن | یا کہ اسکے تئیں بھلاتے ہیں ہم | واسطے ہر ایک کے اوس سے ہیں ہم

ہم اوس آیت سے لاتے ہیں بہتر | ایک عاقل کا صبر جیوں ہی پر | یا کہ لاتے ہیں مثل اوسکے ہم | جیسے تحویل قبلے سے ہم

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

کیا تمہیں تو نے اوسکو جانا ہے | مسلمان سب یہ حق توانا ہے

ہے توانا سے محو اور اثبات | اوسکی قدرت میں ہے یہ موجود | وہ جو کرتے تھے طعن نسخ یہود | ہے آیت کا اونکے حق میں ورود

کہتے تھے نسخ آیت قرآن | ہے او آیت کا موجب بطلان | طرف حق سے جو وہ نہیں لا ریب | نسخ فرمائے دیکھکر کیا عیب

پس یہ ارشاد حق نے فرمایا | عیب ہے نہ اوس میں کچھ پایا | ہے ہمیں اختیار ہے ہر دم | چاہتے ہیں سو وہ کرتے ہیں ہم

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ

کیا نہ جانے ہے تو کہ حق تیئں | ہے یقین شاہی زمان و زمین

اور نہیں دوست بغیر خدا تمکو | اور نہ کوئی مددگار لوگو

اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔـلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىِٕلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ

کیا بھلا چاہتے ہو اے مردم | کہ پیمبر سے اپنے پوچھو تم | جیسے مسئول ہو گئے موسے | قوم نے اوس سے پہلے پوچھا تھا

اور جو کوئی لیوے کفر بدل | ساتھ ایمان کے ایسے تو وہ عمل | تو گیا بھول راستا سیدھا | راہ سیدھی کو وہ گم بیٹھا

یعنی بہکائے سے یہود کے تم | راہ سیدھے کرو نہ اپنی گم | یوں نہ اپنے ہی سے آو بشر | جیسے موسے وہی فسانہ بشر

وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ښ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ

چاہتی ہیں کتابیوں کسی کر دین کافر حسد سے وہی تمکو پس کرو منوا تم اونکو معاف	شل تمہارے ایک جم غفیر وہ حسد اونکی جو چھپی نہیں ہو اور نہ لاؤ خیال مین تم معاف	کاش وہی پھر دین سے تمہاری پھر تنیز سمجھے اوس کے کہ وہ ہوا روشن جب تلک لاوے ایزد جواد	بعد اوسکی جو لائی تم ہو تمیز اونکو حق ورست ہی ہو تمیز حکم اپنا کہ ہی مراد جہاد

إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَآتُوا الزَّكٰوةَ

حق تعالیٰ ہے ہر شے پہ یقین	تا کہ دین انتقام اونکی تئین	اور رکھو تم نماز کو قائم	اور دو تم زکوٰۃ کو دائم

وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۗ إِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝

اور جو بھیجو گے تمہارے آگے ہر دم	واسطے اپنی کچھ بھلائی تم تم کرو گے یہاں جو نیک عمل	پاؤ گے حق کی پاس اوسکی جزا آخرت میں ملیگا اوسکا پھل	دیکھتا ہی تمہاری کام خدا

وَقَالُوا لَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ كَانَ هُودًا أَوْ نَصٰرٰى ۗ تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ ۗ
قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ۝

اور کہیں ہیں جہود بدکردار یہ جو دعویٰ کرین ہیں یہ ستمگار	کہ نہ جاوی بہشت میں زنہار آرزو ہیں ہیں صرف اونکی تمام	پر وہ کوئی جو یہودی موسائی کہہ کہ لاؤ دلیل اپنی تم	یا کہ ہووی وہ شخص عیسائی ہو اگر راست گو تم اے مردم

بَلٰى مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِنْدَ رَبِّهِ وَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

کیوں نہیں جسنے کہ سونپ دیا اور وہ ہی صرف نیکی واحسان اور نہیں کوئی خوف ڈر اونپر اور نہ ہیں ہیکبک وہی غمنود مگر لگی دین کو ابطال	یعنی کرتا ہی نیک کام یہاں اور وہی کرتی ہیں نہ ہیں غم منسوخ ہوی بقوم یہود کرتی آپس میں تھے بحث کمال	تو دو سیکو ہی اوسکی مزدوری کہتی ہیں کشتی ایک نصرانی بحث باطل سی ہوئی تو اسی بیشتر جنابت کو بحث سہتی تھے	اپنی منہ کی تئیں برای خدا اوسکی رب پاس کامل اور پوری کہ وہ تہی سب رئیس نجرانی حجتین باطلہ وہی لاتی تر تب یہ آیت خدا کی بہیجوائی

ع

وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ وَقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ
الْيَهُودُ عَلٰى شَيْءٍ وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتٰبَ

اور کہا یوں یہود نے کہ نصیر	کچھ نہیں ہیں سلسلہ پر بہ نیز	اور لگی کہنی اسطرح ترسا	کہ نہیں راہ پر یہود ذرا

[illegible]

اور حالانکہ پڑہتے ہین کتاب | اوسمین روشن ہے باطل و صواب | یعنے توریت سنی ہی موسے | جہوٹہ جانی ہین دین عیسی
گر کی فرزند و نسبت حق | ہین ترسا دروغ زن مطلق | تو ہم ترسا کو بہی یہ ہے معلوم | یعنی انجیل ہے ہوا مفہوم
کہ انکار عیسے او انجیل | حملہ کافر ہین ہی وہ ذلیل

كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝

یون ہین بولے جو کہ تہی علم نہین | اونکی مانند بات ایسہ دین | اب خدا حکم اونمین فرماوے | عدل و انصاف سے بیچ اونکے
دین ہیت ای باہمہ انصاف | جسمین رکہتے ہین ہمدگر وہی خلاف | یعنے مشرک عرب کے او یہود | جو نہین تہی کہ علم سی مانوس
پہلے رکہتی تہی دین ابراہیم | اب لگی پوچہنی تو ونکو لئیم | راست اپنا بتاتی ہین رستا | تکتے ہین جون یہود او ترسا
کہتے مشرک ہین ایسی لوگونکو | کرتی معلوم دیکہہ موضح کو

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا

اور ہی کون اوس سے ظالم تر | بار رکہتا ہی مسجدوں سے خبر | مسجدوں سے خدا کی منع کیا | کہ ہو یادکور اونمین نام خدا
اور کرتا ہی سعی ویرانے | ہی خرابی کا اونکی وہ بانے

اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ۝

یعنے یہ فرقہ ستمگاران | نہین اونکی تئین ہے یہ شایان | کہ وہ اون مسجدونمین آوین بکل | کرنیوالی ہون منع کسی دوار

لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

اونکو دنیا کی بیچ ہی خوار | یعنے خزیہ کتنے بناچارے | اور اونکو ہی آخرت مین مار | وہ بڑی مار جسکا نہ شمار
اہل تفسیر نے کیا تحقیق | کہ جو نصرانیونکا تہا وہ فریق | آپکو حق یہ جانتی تہی وی | کہ سب عیسے کو مانتی تہی دی
اور سمجہی تہے وی کہ قوم یہود | راہ باطل پہ چلتی ہین مردود | رکہتی عیسے سے ہین عناد و خلاف | ظلم پروی او ہم ہین بر انصاف
پس خداوند نے یہ فرمایا | کہ نصاری نے زور جب پایا | سب نے بیت المقدس انکے ضد | بلکہ حملہ یہود کے مسجد
سب کئین خراب او ویران | کیا یہ انصاف حق ہے اونکا عیان | کرتی آپس مین ہین ضد بسے او بگاڑ | دیتی ہین مسجدین خدا کے اجاڑ
پہر کیا اونکی حق مین یون ارشاد | ہی جو ایسا ہے اونکا عدل او داد | ہی نہ لائق یہ اختیار اونکا | نہ ہی ملک و اقتدار اونکا

انصار کسنوفہ ۱۲
مانع مسجد بیت المقدس
بخت نصر و
نصاری بودند
و بعضی نصاری ۱۲

قصہ کوتہ بحکم یزداں نے ہوگئی سب تباہ نصرانے
ظلمت ملک شام ہی تھی تن صبح اسلام کی ہوئی روشن
ہاں سبھی خالب گئے ان کے ہاں اہل اسلام کی وہ آیا ہاتھ

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

اور ہی اسلئے خدا کی تمام شرق او غرب ابھی مقام
پس جدھر لاؤ اپنی منہ قوم پھر ادھر ہوئی حق کے ہی قدم
حق لئے بیشک ہر جگہ حاضر مغفرت کی ہی سہیں گنجائش
الیسا سع کہ ہی وہ دانا تر مومنوں کی صلاح سے ہی خبر
ہی روایت کہ یک گروہ صحاب کہیں صحرا میں فرابر وسحاب
سمت قبلہ کی اشتباہ میں ہیچ کار فرما ہوئی تحری کو
مہر جب ابر سے نکل آیا تب تحری کو منحرف پایا
جب کہ آئی وہی سب نبی میں علم او دین کے سفینہ میں
آئی حضرت سے عرض حال کیا او قضا کی لیئے سوال کیا
تب خدا نے بھیجی آیت یہ تھا نہیں اونکی آئی آیت یہ
اہل تحقیق نی بطرز شگرف نظم اوسکو کیا ہی حرف بحرف
از نبی اینما تولو خوان ثم وجہ اللہ شد متمم دان
یعنے آنسو کہ روی قصد آرے تا حق تبدیہ بس بگذارے
وجہ حق کان بود حقیقت او باشد انجا السوی او گرن
ہیچ جا را نگر د استثنا پس بود عین حق عیاں ہمہ جا
عارف حق شناس باید کہ بھر سو کہ دیدہ بکشاید
بین آنجا جمال حق پیدا یکسان از جمال حق عطا

وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ

اور بولی یہود اور ترسا رکھتا اولاد کی نہیں خدا
پاک او سکو ہی وہ نرالا ہے نہ وہ نقصان و عیب والا ہے
بلکہ ہی خاص اوس خدا کی تئیں جو میاں سب ہے اور زمین
آسمان اور زمین میں ہے سب حکم بردار اوسکی ہیں یارب
کرنیوالا ہی آنسکا یقین

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

جتنے ہیں آسمان اور زمین
ہی تفاسیر معتبر میں رقم کہ ہی لفظ بدیع ایک علم
او سکی معنی کئی ہیں لیکن تبیین خالق جملہ آسمان و زمین
جسنے نقش و زمین کیا پیدا آسمان اور زمین سرتاپا
ہی عجب ایک وہ مبارک نام ارض و افلاک کا ہی اوس سے قیام
اوس سے قائم فلک ہی ور گوفنا یہ زمین اور درخت اسکی سبب
ہر کلی اسم کو وصید اخلاص پایا یوسف نے قید سے تھا خلاص
برکت سے ہی اوسکی شاہ ہوئے سب شوکت اور جاہ سے

وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ

اور دونو طرح سی استنجا اور جتنے تھی بعض نی ہی لکھا
اونکو تھی فرض او ہمین مسنون ہی احادیث معتبر مین ان

اوس خداوند نی یہ فرمایا

قَالَ إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا

اونکو اب جو اس نے بتایا

کہ مین کردون تجھی بفضل امام جملہ مردم کا پیشوا و امام

قَالَ وَمِن ذُرِّيَّتِي قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ

کہنے اسطرح لگا وہ تبھے اور اولاد مین میری بھی ہے
بولا خالق کہ پہنچتا ہی نہین عہد میرا ستمگرونکے تئین
عہد جو اسنے سمجھکہ ہوا ارشاد ہی محبت خدا کی اوس سے مراد
یا اوسی رحمت خدا پہچان پر رسالت صحیح تر تو جان
بعض تفسیر مین ہے یون مسطور آل یعقوب آپ تھی مغرور
کہ ہین ہم جملہ نسل ابراہیم نور و بخشش خدائے کریم
رکھتی ہم سب ہین دین ابراہیم ہی یہی دین مستقیم قویم
وعدہ حق جو وہ ہوا موعود ہی ہمارے لیے وہ سب معہود
اونکو سمجھاتی ہی خدا مسطور کہ ذرا تو کرو تم اسمین غور
ہمسے وعدہ جو پہلی فرمایا نہ تمہارے وہ شانمین آیا
بلکہ اولاد سے ہی ہین مراد چلتی ہین راہ ہوکی جو منقاد
اونکی فرزند وتھی پیغمبر ماہ و خورشید سی بھی بہتر تر
دو اسحاق ع ایکمدت تہا اونکی اولاد مین شرف وہ تہا
اب وہ بہیجا باآل اسمٰعیل ع دونونکی حق مین تہے دعا خلیل
اور اللہ نے یہ فرمایا کہ ہمیشہ سی ایکدین آیا
بہیجنا تہا جو انبیا کی تئین لائی سب اشتین تہمین او تقصیر
اب دیا تمنی ہاتہ سی تصاف چہوڑ بیٹھے اوسی بضد خلاف
ہین اوس راہ پر ہو تم تنہا ہان مگر جو کہتی ہین انکا

وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا

اور کر یاد جبکہ فرمایا یعنے کعبہ کو ہمنی ٹھہرایا
حاجیونکی لیی مقام ثواب کہ نہ کچہ اوس ثواب کا ہو حساب
اور کیا ہمنی اوسکو جای پناہ کہ نہ اسمین ہو قتل و کشت کی راہ

وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى

اور پکڑو مقام ابراہیم یعنے جای قیام ابراہیم
اوسے تم نماز کے جاگہہ کہ وہ ہی امتیاز کے جاگہہ

وَعَهِدْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ

اور دیا ہم عہد حکم خلیل ہمنی سوی خلیل و سمعیل
کہ رکہو میری گہر کو پاک و صاف واسطی اونکی جو کرین ہی طواف
او جو اعتکاف لاوین بجا اور کرین جو رکوع او سجدا

پاک کر ایسے تو خانۂ دل	کہ ہو جان جان کی منزل اس طرح سے جو صفا فرمائی	سب تعلق سے پاک کہ اسکو نورِ وحدت کا اوسمین تو پاوی	دیکھیو کہ اوسمین دخل غیر نہو

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَٰذَا بَلَدًا آمِنًا وَارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ آمَنَ مِنْهُمْ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ

اور کر یاد وہ دعا تو اب اور روزی بھی اوسکے لوگونکو	جبکہ بولا خلیل ہو کا رب میووں سی جو کہ لایا ایمان پہ	کر تو اسکو کہ جسمین ہے گھر اونسی الٰہی خدا پہ جو ایمان	شہر ایسا کہ جسمین کچھ ہو نہ ڈر اور روزِ اخیر پر لائی جان

قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلَىٰ عَذَابِ النَّارِ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ

حق نی فرمایا اور جو کافر ہو	دون میں صورت مائدہ اوسکو اور سقر جا ہی بازگشت ہے بد	پھر بلا اون میں سکو بس اوسمین رنج و عذاب ہیں بیحد	درمیان عذاب نار و سقر

وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ

اور کر یاد اوسکو اے سرور کہ وہی بتکدہ گرناتی تھے الغرض جبکہ بن گیا وہ گھر	جب اوٹھانی لگی خلیل وہ گھر اوسکی اصل اور بنا اوٹھاتی تھے ہاتھ اپنی اوٹھائی اوپر سیر	ای بنانی لگی اساس خلیل سر پہ لاتی حجر تھے اسمٰعیل عجز اور انکسار فرماری سے	اور ہمراہ اونکی اسماعیل اور بنا وہ گھر تھی خود وہی خلیل یون لگی عرض کرنی باری سے

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

رب ہماری قبول ہم سی کر	تو ہی سنتا ہی جانتا سب	سننے والا ہی تو ہماری دعا	نیت دل کا تو ہی ہی دانا

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

ای ہمارے رب اور کر ہمکو اور اولاد سے ہماری تو اور کر ہمکو تو کرم سی معاف	حکم اپنا اوٹھانیوالا تو اپنا منقاد کر ایک امت کو ہو جو ہو تیرے کوئی قصور و خلاف	حکم بردار ہمکو اپنا کر اور نسک ہمکو حج کی تو دکھلا تو ہی توبہ پذیر ہے تحقیق	ہم جو دونو پسر ہیں اور پدر اور سکی دستور ہمکو سب بتلا تو ہی بیشک ہی مہربان شفیق

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ

وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

اى ہمارى رب اور بہیج اونہا
اور سکہلا دى وہ ستودہ صفات
اونہین سى اک رسول عجب کا
اونکو قرآن اوسکى بات
تو تو غالب ہے اور توانا ہے
کہ پڑہى اونپہ وہ ہمیں دین
اور فرمائى پاک اونکى تمیز
تو تو بیشک حکیم و دانا ہے
سر بسر تیرى آیتونکى تبیین
اى سنوارى وہ اعتقاد و دین

ع

وَمَن يَرْغَبُ عَن مِّلَّةِ إِبْرَاهِيمَ

اور بہلا کون پہیر تا ہے رو
راہ و دین خلیل سے بدخو
کون رکہتا ہى ناپسند اتنیم
راہ و دین قوم ابراہیم

إِلَّا مَن سَفِهَ نَفْسَهُ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا

ہان مگر اسکو جو خوار کرى
اختصاص اوسکو ہى نبوت سے
بیوقوفى جو اختیار کرى
یا کہ بخشش سے اور فتوت
اور ہمنى کیا ہى خاص اوسکو
یا کہ تعمیر بیت سے ہى خاص
اس جہان میں ہے اختصاص اوسکو
یا عبادت سے تہے جو طلب خلاص

وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ قَالَ أَسْلَمْتُ

لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

اور وہ ہى آخرت میں اشنیہ دین
اور کر یاد جب کہا اوسکو
اوسکى رب نے کہ اب مطیع ہو
اوس سکو کہ ہى رب جہان
بولا اسطرح سى وہ ابراہیم
حکم میں جسکے ہى زمین و زمان
یا نیوالون صلاح کسیى زیر
کہ مین اپنى تئین کیا تسلیم

وَوَصَّىٰ بِهَا إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ

اور وصیت یہ کر گیا وہ خلیل
اپنى بیٹونکو اور اسرئیل

يَا بَنِيَّ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ لَكُمُ الدِّينَ فَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ ۝

یعنى اى بیٹو میرے اور فرزند
حق نى تمکو کیا ہى دین پسند
بس نہ مرو تم مگر اطاعت پر
یعنى اسلام پہلے تم لاکر

أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ إِذْ قَالَ لِبَنِيهِ
مَا تَعْبُدُونَ مِن بَعْدِي قَالُوا نَعْبُدُ إِلَٰهَكَ وَإِلَٰهَ آبَائِكَ
إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِلَٰهًا وَاحِدًا وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ۝

کیا بہلا تم وہان تہے حاضر سب
بولى پوجین گى ہم ترى رب کو
پہونچى یعقوب کو تہى موت وہ جب
اور رب تیرى جد اور اب کو
جب کہا اونسے بیٹون اپنى کو
باپ دادونکا ہى تیرى جو خدا
تم بہلا پیچہى میرى کیا پوجو
ہم عبادت کو لائینگے اوسکى بجا

تھی جو آبا خلیل و اسماعیل | اور سب تھا پیشوا ای سبیل | ہی خدا ایک اور ہم یکسر | ہیں اوسیکے مطیع و فرمان بر

نسل آبا کی عزت اور اکرام | رکھتی اجداد میں اور اعمام | تحت آبا ہی اسلیے ارشاد | جد و عم اسجگہ یہ رکھو یاد

تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ

یہ کہ جتنا بیان ہوا یکسر | یکجماعت تھے جو گئی ہے گذر

جو کمایا اونہوں نے اونکا ہے | اور کماؤ جو تم تمہارا ہے | اور پوچھی نہ جاؤ اوس سے تم | کرتی اعمال تھی جو وی مردم

ہی تفاسیر معتبر میں لکھا | کہ عقیدہ یہود کا یہ تھا | اپنی آبا کی جانتی تھی کام | حق میں اپنی اثر پذیر تمام

رکھتی ملت سے اونکی حشر تو آپ | ایسی ہی کفر سے ہی بیم عذاب | پس آتے ہے ہو گیا مردود | وہ جو رکھتی تھی اعتقاد یہود

وَقَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ تَهْتَدُوا ۗ قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا

اور کہتی ہیں وی کہ ہو جاؤ | ہو و دو ترسا کہ راہ کو پاؤ | کہہ محمد کہ مانتا میں نہیں | ہو دو ترسا کا دین اور آئین

بلکہ پکڑی ہیں راہ ابراہیم | کہ وہی راہ مستقیم و قویم | یا کہ مائل تھی سب کجی سے خلیل | دین اسلام کی طرف سے قبیل

گر بیان السلام سکی ہین | فرق کیا ہی ہیاں ملت و دین | گرچہ دونوں کا ایک ہی مدلول | لیک فرق اسطرح ہوا منقول

کہ وی دونوں ہیں متحد بالذات | مختلف ہیں باعتبار صفات | جب غرض شرع سی اطاعت ہو | دین کہتی ہیں اوس شریعت کو

جب کیا جائی اجتماع شرع | کہتے ہیں ملت اوسکو ای ذی ورع

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ قُولُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ

اور نہ تھا مشرکوں سی ابراہیم | راہ اسکی تھا اوسکا دین قویم | بولو لائی خدا پہ ہم باور | اور جو نازل کیا گیا ہم پر

اور جو نازل کیا گیا بخلیل | اور اوتارا گیا بہ اسمٰعیل | اور باسحاق نام پیغمبر | اور یعقوب اور اوسکی بیٹون پر

جس تھے وی صحائف یزدان | کہ وی اوتری خلیل پر ایمان | جتنے اونکی آل اور اولاد | اون صحف کے تھی حکم کی منقاد

کوئی رکھتا نہ تھا کتاب جدید | تھی مطیع صحف وہ جملہ سعید | بسکہ تھی اون صحف سے وی مالوف | جان اور دل سے اونپہ تھی مصروف

اسلیے نسبت نزول عیان | کی ہی اونکی طرف خدا نی یہان | بسکہ کرتی وی تھے اوسپہ عمل | گویا اونپر تھی وی صحف منزل

وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ

اور کہتی ہین اوسپہ ہم ایمان | جو کہ موسی کی لئی تہی عیان
اور دی بی جو گئی ہین پغمبر

اور دیا جو گیا تہا عیسے کو | کہ وہ انجیل اور نبوت ہو
اپنی رب پاس سے کتب یکسر

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۵

ایک مین اونسی فرق کرتی نہین | اور ہم ہین مطیع حق کے تئین

فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ج

پہر جو لاوین تیقین ویسی ہی بین | جسطرح کہ لائی تم ہو یقین
تو وہی تحقیق پاوین سیدہی راہ | پہونچین مقصود کو ناگاہ

وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ج

اور جو پہر جائین تو وہی یکسر | ہین خلاف اور ضد کینہ پر
خوف مت کر تو اے رسول اللہ | کر سکین کچہ نہ تیرا وی گمراہ

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۵

سو کفایت تجہی ہے اونکو خدا | شر اعدا سے تجکو دیوہ بچا
اور وہ سنتا ہے ہر سخن اور بات | اور وہی جانتا ہی مخفیات

جب ان آیات کا نزول ہوا | بہ گئی سب یہود اور ترسا
سب مخالف ہوئی پیمبر سے | پیش آئی حسد سے اور شر سے

اہل اسلام سی کیا آغاز | دین و آئین کا اپنی فخر اور ناز
اتفاقاً کہین بفخر تمام | اہل اسلام سے کیا یہ کلام

کہ ہی صبغہ ہمارا ایک آئین | او تمہاری وہ دین ہین نہین
اگلی آیت کو حق نے بہجوایا | اوس سے رد قول اونکا فرمایا

کیا ہی صبغہ بتا تو مجکو سلام | کسکو صبغہ سمجہتے ہین یہ خام
بعض تفسیر مین ہے یون مسطور | تہا نصاری کا اسطرح دستور

اپنی مولود ہفت روزہ کو | دیتی پانی مین غوطہ وی جو
رکہتی یہ اعتقاد تہی وی عنود | کہ وہ اب پاک ہو گیا مولود

دین سے غیر کے وہ پاک ہوا | کہا کی غوطہ وہ ہو گیا ترسا
اور موضع مین ہے یہان مرقوم | تہا نصاری کا اسطرح مرسوم

دین مین اپنے جسکو لاتی تہے | زرد پوشاک اوسی پہناتی تہے
ڈالتی تہی وہی ایک زرد آب پر | اوسکو صبغہ وہی جانتی یکسر

تب اس آیت کو لائی حق امین | تاکہ یون دین جواب سرور دین

صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ۵

رنگ اللہ کا ہی اور کسکا | بہتر اللہ سے ہی رنگ بہلا
یعنی رنگتا ہی جسطرح تیرا | غیر کو اسلام تاب کہان

رکہو ہم ہین اوسی خدا کو خاص | بندگی کرنیوالی با اخلاص
جب لگے کہنے یہود و نصرانے | دوسری بار پہر بنا دیا اسنے

ہم ہیں فرزند و دستدار خدا | قدر و عزت میں ہو نہ کوئی سوا | قدر احباب عزت فرزند | ہے محقق ہی میں بیں دانشمند

اگلی آیت کو حق نی یہ بتایا | یوں ہی کو جواب بتلایا

قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ

کہہ کہ کس سے جھگڑتے ہو تم کیا | مدعی کیا ہو دربیان خدا

اور وہ اللہ ہی ہمارا رب | اور وہ اللہ ہی تمہارا رب | اور ہماری عمل کے ہم کو جزا | اور تمہاری عمل کے تم کو سزا

اور ہم واسطے اوسیکے خاص | کرتے اپنے عمل ہیں با اخلاص

اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی

کہتے ہو کیا یہود و ترسا تم | یا کہ کہتے ہیں جملہ ہی مردم

یہ کہ بیشک خلیل و اسمعیل | اور اسحاق اور اسرائیل | اور اولاد اوسکی ترسا تھے | ہو دتھے یا کہ دین ترسا یہ

قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ

کہہ کہ تم جانتے بہت ہو کیا | یا سوا جانتا ہے کسی خدا | اور ہے کون اوس سے ظالم | جو چھپاوے گواہی اظہر

وہ جو اوس پاس جب سے آیا ہے | اسی کتاب خدا میں پایا ہے | ہے اہل کتاب پر تعریض | کہ نبوت سے کرتی تھی تغمیض

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ

اور نہ غافل ہی حق عز و جل | اوس سے جو کرتی ہو تمہارے عمل

ہی جو کتمان حق تمہارا کام | اوسکو جانے ہی ایزد منعام | ہی نبوت کا جو تمہیں انکار | حق پہ دشمن ہے سب ہی وہ کفار

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ

یہ جماعت ہے ایک ترسا سر | کہ تحقیق جو گئی ہے گذر | جو کمایا اونہوں نے اونکا ہے | اور کماؤ جو تم تمہارا ہے

اور پوچھی نہ جاؤ اوس سے تم | کرتے اعمال تھے جو وی مردم | ہے یہ تاکید کے لیے تکرار | اور تنبیہ کے لیے اشعار

سَیَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِیْ كَانُوْا عَلَیْهَا قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ یَهْدِیْ

الجزء الثانی

اب کہیں بیوقوف نادان لوگ
مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ
رکھتی جو کفر و شرک کا من سوگ

کہ دیا کسنے پھیر القا کر
اونکو قبلہ سی انکی تھی جس پر
ای حماقت سے کوی کہین یون
گئی قبلہ سی پھر مسلمان کیون

کہہ تو ای فخر مکہ و یثرب
کہ خدا کی ہی مشرق و مغرب
جسکو چاہی دکھائے سیدھی راہ
پھیر قبلہ کو مونہہ بیک ناگاہ

بل تحقیق سے ہوین منقول
جب ہوی رونق مدینہ رسول
بعد یکسال اور ماہ چہار
حکم حق اسطرح ہوا اصدار

کہ پیمبر جیسے چاہتا تھا دل
جانب قبلہ ہو گئی مستقبل
کر ادا اپنی تو مدام نماز
رہ توجہ سے بیت قدس کے باز

سفہا ہی تھا نقصان ہوش
جانکر اس سخن کو نا محمود
یون لگی کہنے ہر کسی کلام
کب نہ جیسے ہو اسطرحکا کام

کہ وہ چھوڑ انبیا کی قبلہ کو
متوجہ ہسو سے کعبہ ہو
پیشتر پہلے ہی دی نبی کو خبر
ہو فرقون سی جو سخن موسر

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ

اور اسطرح ہمنی فرمایا
یعنی قبلہ کو جیسے ٹھہرایا
تمکو ای پیروان پیغمبر
ایک فرقہ میانہ و بہتر

تاکہ تم ہو گواہ لوگون پر
اور تم پر گواہ پیغمبر
ناس سے من مراد وی کفار
جنکو پیغمبری سی تھا انکار

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ

اور نہ قبلہ وہ ہمنی ٹھہرایا
جسپہ تو اب ہی یا کہ پہلی تھا
ہان مگر جان لیوین ہم اونکو
کون ہی تابع رسول نبی ہو

کون پھر جاتی ایڑی پاؤن تک
چھوڑ کر پیروی پیغمبر
یعنی قبلہ کو جو کیا تحویل
آزمائش تھے قصد رب جلیل

وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ

اور البتہ تھی وہ بات ثقیل
یعنی بھاری تھی اور گران تحویل
ہان مگر اونپہ جنکو دیوی راہ
جانب قبلہ حضرت اللہ

بخلاف یہود بد اندیش
کہ مدام ایک شکوہ کرتی تھی پیش
وی جو تھی آگے قبل از تحویل
اصحابانسے ہوی تعالی جلیل

بعض سے اپنے اور بطالت سے
کرتی نسبت اونہیں ضلالت سے
کہ مسلمان وی کسطرح سے
قبل تحویل قبلہ جو وی موئے

کعبے اونکی ہوئی نماز ادا
قبلہ اونکا ہمارا قبلہ تھا
اگلی آیت کو حق نے بھجوایا
زعم اوس شک رد اونکا فرمایا

مثل سعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ و براء بن معرور رضی اللہ عنہ

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

اور نہین ہی خدا کا وہ انداز | کہ وہ ضائع کری تمہاری نماز
ساتھ لوگون کی ہی خدا بالتحقیق | مشفق و ربی مہربان و شفیق

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ج

دیکھتی ہم ہین ای نبی بیشک | پھیرنا مونہہ تیرا کا سوی فلک
یعنی تیرا وہ انتظار تمام | ہم پہ روشن ہے [illegible] مقام
امر تحویل ہے جو تیری مراد | ہمکو منظور ہے یہ رکھہ تو یاد

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا ص

بس ہم البتہ پھیرین گی تجکو | ایسے قبلہ کو جس سے تو خوش ہو
جبکہ آئی یہود بد اندیش | ساتھ تعریض کے رسول سے پیش
یون لگی کہنی وہ ہمارا دین | جو محمد کو اختیار نہین
کیون کری ہی نماز اپنی ادا | سوی بیت المقدس وہ پہلا
یا وہ کہتی تھی یون بانکو داب | کہ محمد اور اوسکی سب اصحاب
سمت قبلہ نہ اونکو تھی ممتاز | دیکھی جب تک نہ تھی ہماری نماز
سنکے سب انکو جواب رسول | دلعین بس ہوی حزین و ملول
کی تمنا کہ بیت ابراہیم | پھیر اقبلہ کر ای کریم و رحیم
دیکھتی تھے وہ آسمان کی طرف | تا کہ تحویل سے وہ پائین شرف
ناگہان آئی حضرت جبریل | یکبیک لائی آیت تحویل

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط

یعنی پھیر ای نبی اب اپنا رو | جانب مسجد الحرام کے تو
ہی تفاسیر معتبر مین رقم | آیا حضرت کو حکم یہ جسدم
نصف شہر رجب اور پیر کا دن | سال ہجرت سی دوسرا تھا آن
مسجد سلمہ مین رسول اللہ | جبکہ دو فرض پڑہ چکی ناگاہ
حکم تحویل ناگہان آیا | تب توجہ نبی نے فرمایا
پھیر اصخرہ سی جانب میزاب | اپنا مونہہ یکبیک سی نی بشتاب
یار عشرہ عشیرہ سکے تمام | پھر گئی ہمرہ سبے انام
ہی وہ مسجد ابھی تلک معروف | اسم ذوالقبلتین سے موصوف
اگلی آیت خطاب عام کو ہی | امت سید الانام کو ہی

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ط

اور جس جا کہ ہو تم ای مردم | پھیرو اپنی مونہہ اوسکی جانب تم
سمت قبلہ کی پھیر کر مونہہ کو | جسجگہ جا ہو تم نماز پڑہو

وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ط وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ

اور بیشک دی گئی جو کتاب | جانتی ہین وے یہ معانی باب
کہ بیشک درست ہی تحویل | اونکی رب کی طرف سے حکم جلیل
اور نہ غافل ہی ایزد متعال | اونسی جو کرتی ہین وی کام

وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ

اور قسم ہے خدا کی اسی پر | جو تو لاوے کتاب والوں پر | نشانی اور معجزونکی تئین | تیری قبلہ پہ نہ چلیں گے نہیں

اور نہ تو مانی اونکی قبلہ کو | پیروی تجسی کچہ نہ اونکی ہو

وَمَا أَنتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ وَمَا بَعْضُهُم بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم مِّن بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ إِنَّكَ إِذًا لَّمِنَ الظَّالِمِينَ ۝

اور بعض اونسی مانتی ہیں نہیں | قبلہ بعض دوسرے کی تئین | اور جو چلیگی تو اونکی ہر ہر | خواہشوں اونکی اور جاؤن پہ

بعد اس علم کی جو آیا ہے | حق سے تیری تئیں پہنچا ہے | ہووے البتہ اونسی تو اسدم | کرنیوالی جو ہیں دی ستم

گرچہ ہی یہ خطاب حضرتکو | ایک مرجع سب اونکے امت ہو

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمْ

جنکو توریت ہمنی کی ہے عطا | ہیں وے پہچانتی نبی کو بجا | جیسے پہچانی اپنی بیٹونکو | کہ نہایت وہ اونپہ روشن ہے

وَإِنَّ فَرِيقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ۝

اور البتہ اونمیں ایک فریق | حق چھپاتے ہیں جانکر تحقیق | حق جو رب تیرے سے ہے تجکو | بس کچہ شک تو لانی والا ہو

ہی پیمبر کو گرچہ یہ ارشاد | پر یہ امت ہے اس سے مراد | امر قبلہ میں تا کہ ہی یک | لاوین ہرگز کسیطرح نہ شک

اور ہی سبکو ایک طرف

وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا

جو کہ ہی دیندار اہل شرف

کہ وہ موہنہ اوسطرف کو کرتا ہے | اوسکا وہ قبلہ معلے ہے | یا خدا پہیرتا ہے موہنہ اوسکا | بعض تفسیر میں ہے جیسے لکہا

پس کرو سبقت او نیکیوں تم

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ

نیکیونکو مدام اے مردم

ہی انکے امکا ایک استقبال | کعبہ سمت کا نہ دلمیں خیال | اہل تحقیق سے یوں مذکور | ہر شخص کا ہی ایک دستور

کہ وہ موہتا ہے الکطرف بصر | اوسکو کرتا ہی قبلہ تا لوف | قبلہ جان پہیر کر موہنہ کو | متوجہ اوسی طرف وہ ہو

پر وی جو عاشقان یزدان ہیں | پر غرق بحر عرفان ہیں | اونکا قبلہ ہی ثم وجہ اللہ | ہی حقیقت یہ اونکی عین نگاہ

جسجگہ اور جہاں انہیں تم ہو

أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللَّهُ جَمِيعًا

جمع کرلاویگا خدا تمکو

اہل اسلام اور اہل کتاب | ایک جا ہووینگے تو پہنچ حساب | مومنوں اور مرتدوں فاسقوں سبکی انہ | حق و باطل پہ ہنکو سو ممتاز

ع

بیشک رب اللہ ہر چیز | إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ | کے اوپر قادر مطلق

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط
وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ ط وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝

اور سفر کو جہاں سے نکلے تو
اور یہ تحویل تو ہی حق اوسکی
مسجد مکہ محترم ہے جو
جسطرح منع قتل انسان ہے

پہیر وقت نماز اپنا رو
تیری ربکیطرف سے بی شکیک
کہتی ہیں مسجد الحرام اوسکو
جسطرح منع صید حیوان ہے

سوی مسجد کہ محترم ہے
اور نہیں ہے خدای عز وجل
کہتے اسواسطے ہیں اوسکو حرام
اور منع و حرام ہی اوسجا

یعنے باعزت اتم سے وہ
بیخبر اوس سے کرتی ہو جو عمل
کہ وہاں منع کہتے ایک ہیں کام
کہودنا گہاس اور درختونکا

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ

اور جس جائگہ سی نکلی تو
جانب مسجد ای نبی زمن
تا کہ لوگونکو تمسے جہگڑا ہو
کیون محمد ہماری قبلہ کو
کہ محمد نی کیا خلاف کیا

شَطْرَهُ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ

کہ وہ مسجد ہی محترم ہمہ تن
دفع ہو طعن و حجت بدخو
موںہہ کری جبکہ وہ نماز میں ہو
قبلہ جد سی انحراف کیا

اور تم جسجگہ ہو ایمردم
طعن کرتی تہی یہودی بعین
ایسی ہی طعن مشرکونکا تہا
لیکن جب آئی یہ آیت تحویل

پہیر پہیر نماز اپنا رو
پہیر و موںہہ اپنی اوسکی جلیں تم
کہ ہمارا جو حق نہیں ہے دین
ہر کوئی اہل شرک کہتا تہا
نہ رہی پہر کسیکو کوئی دلیل

إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِي

پر جنہوں نے کیا ہی ظلم تو تم

اون سے ڈرو اور مشرکون سی اے تم
اور ڈرو مجہسے ہر دم اور ہر آن

پس ڈرو مت تم اونسی ایمردم
جان و دل سے ہو متابع فرمان

کعبہ سمت کی موںہہ کرو سب تم

اور موںہہ اپنی اسلیے پہیرو
اپنی احسان و فضل کو تم پر

وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ

یعنے بخشش کمال فرماکر

واو ہی عاطفہ جو اسجا پر

تا کہ پورا کرون نعمتین اپنی سب کو
عطف ہی کلمہ لئلا پر

وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝ كَمَا أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولًا مِنْكُمْ يَتْلُو عَلَيْكُمْ
آيَاتِنَا وَيُزَكِّيكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ

نو شاید کہ راہ تم پاؤ | شرع کی راہ راست پر آؤ | جسطرح کہ ہمنی بہیج دیا | تمکو پیغمبر ایک تم میں کا

کہ وہ پڑھتا ہے تم پہ اے لوگو	سب پر آیتون ہمارے کو	اور کرتا ہے تمکو شرک سے پاک	یا گناہونکی لوث و جبر کے پاک
اور سکھاتا ہے وہ ستودہ صفات	تمکو قرآن اور سب نیکی بات	اور سکھاتا ہے وہ تمہاری تئین	جسکو تم جانتے کبھی نہین

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ

پس کرو ذکر دل سے میرا تم	مین کرون تمکو مغفرت سے شاد	نیک اعمال سے جو یاد کرو	تا کرون یاد تمکو ہر دم
جو کرو مجکو بندگی سے یاد	اپنی قربت سے مین کرون مامور	جو کرو یاد مجکو بالتعظیم	بدلے اونکی بہشت دون تمکو
جو محبت سے تم کرو ذکر			مین کرون یاد تمکو بالتکریم
پیش آؤ جو ذکر فانی سے	یاد معتبر [illegible] ہے	اہل عرفان یون کیا ہے تاویل	کہ ہے یاد کرو دل اور جان سے مراد

ع

وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ۵۵

اور مانو تم اب مرا احسان	مت کرو ناسپاسی و کفران	مومنو چاہو تم مدد ثبات	اور طلب تم کرو مدد صلوٰۃ
بیگمان ساتھ اونکے ہے یزدان	کرنیوالے جو صبر کے ہین ہان	بعض کہتے ہین اسطرح جان	اسجگہ لفظ صبر سے مراد
اور کہو مت جو کوئی مارا جاے			درمیان طریق و راہ خدا کے

وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ

کہ وہ مردے ہین کہتے ہین جان	زندگانی سے اونکو ہے حرمان	ہے روایت ہوئی مقتول	بدر مین کتنے ایک اصحاب رسول
بعض اصحاب حسرت و غم سے	یون لگے کہنے چشم پر نم سے	کہ فلان دوست اور یار فلان	مر گئے ہائے جیسے دیگر جان
لذت زیست سے ہوا محروم	تھے نہ اوسکو حیات کچھ تقسیم	حق نے فرمایا ہین نہین اموات	بلکہ کہتے ہین زیست اور حیات

بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ ۝ وَلَنَبْلُوَنَّكُم بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ

بلکہ زندہ ہین جملہ وے ہمدم	اور لیکن نہ جانتے ہو تم	اور ہم تمکو آزمائینگے	ایک ذرا امتحان مین آینگے
